1st Annual 2024 نہم کلاس

اسلامیات اختیاری — وقت = 20 منٹ

گروپ : پہلا — حصہ معروضی — کل نمبر=15

DAK-1-24

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر : 1

1- قرآن کا معنی ہے۔
(A) پڑھنا (B) لکھنا (C) سننا (D) بولنا

2- طلاق کا تعلق ہے۔
(A) عبادت (B) اخلاقیات (C) معاملات (D) عقائد

3- "لَا" کا معنی ہے۔
(A) ہاں (B) جب (C) نہیں (D) اب

4- لفظ "اللہ" ہے۔
(A) اسم ذات (B) اسم صفت (C) اسم ضمیر (D) اسم نکرہ

5- سِرَاجاً مُّنِیْراً کس کی صفت ہے؟
(A) حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی (B) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی
(C) حضرت اسحاق علیہ السلام کی (D) حضرت یعقوب علیہ السلام کی

6- صحیح معنوں میں انسان کہلانے کے اہل ہے۔
(A) والدین کی عزت کرنے والا (B) استاد کا احترام کرنے والا (C) دوسروں کو نفع پہنچانے والا (D) خیرات کرنے والا

7- منافق کی نشانیاں ہیں۔
(A) 2 (B) 3 (C) 5 (D) 7

8- "آدم ثانی" کہا جاتا ہے۔
(A) حضرت آدم علیہ السلام کو (B) حضرت نوح علیہ السلام کو
(C) حضرت شیث علیہ السلام کو (D) حضرت ابراہیم علیہ السلام کو

9- نمرود بادشاہ تھا۔
(A) فلسطین کا (B) روم کا (C) ایران کا (D) عراق کا

10- فرعون کی بیوی کو قرآن نے کہا ہے۔
(A) مومنہ (B) کافرہ (C) متقیہ (D) فاجرہ

11- حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عمر پائی
(A) 100 سال (B) 120 سال (C) 140 سال (D) 160 سال

12- بنوہاشم کی نظر بندی ―――― کی کوششوں سے ختم ہوئی۔
(A) حضرت ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ (B) حضرت حمزہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ
(C) ہشام بن عمرو (D) حضرت عمر بن خطاب رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ

13- آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام "محمد" رکھا۔
(A) جناب ابوطالب نے (B) جناب عباس نے
(C) جناب عبدالمطلب نے (D) جناب حمزہ نے

14- قبیلوں اور ممالک کے نام ہیں۔
(A) مؤنث (B) مؤنث لفظی (C) مؤنث معنوی (D) مذکر

15- جمع کی اقسام ہیں۔
(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

www.taleem360.com

اسلامیات اختیاری | حصہ انشائیہ | وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : پہلا | حصہ اول | کل نمبر= 60

**سوال نمبر: 2** درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | تَعَوُّذ سے کیا مراد ہے ؟ وضاحت کیجئے۔ | ii | تلاوت قرآن پاک کے دو آداب تحریر کیجئے۔ |
| iii | "امر" سے کیا مراد ہے ؟ | iv | ترجمہ کیجئے۔ رَأْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللهِ |
| v | ہدایت اور راہ نمائی کا مفہوم لکھیے۔ | vi | حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کے کافروں کے بارے میں کیا دعا کی ؟ |
| vii | حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شیر خوارگی میں لوگوں سے کیا کہا ؟ | viii | اسم نکرہ میں تبدیل کیجئے۔ اَلرَّجُلُ - اَلْاَسَدُ |

**سوال نمبر: 3** درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے ؟ | ii | تُعِزُّ ، تَشَآءُ کے معانی لکھیے۔ |
| iii | اسلام میں "صَوْمٌ" کسے کہتے ہیں ؟ | iv | منافق کی تین نشانیاں لکھیے۔ |
| v | تکمیل فریضہ رسالت کے کتنے دور ہیں ؟ ان کے نام لکھیے۔ | vi | کوہ صفاء پر کھڑے ہو کر آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کیا اعلان فرمایا ؟ |
| vii | حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دو معجزات کے نام لکھیے۔ | viii | میثاق مدینہ کی وضاحت کیجئے۔ |

**سوال نمبر: 4** درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | کفار کی طرف سے روگردانی کی صورت میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو کیا نصیحت کی گئی ہے ؟ | ii | رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی صفت سِرَاجٌ مُّنِيْرٌ کی وضاحت کیجئے۔ |
| iii | حیاء کی مدد سے ہم اپنا کردار کیسے بہتر بنا سکتے ہیں ؟ | iv | بوڑھے افراد کس وجہ سے احترام کے مستحق ہیں ؟ |
| v | اہل عرب اپنی بت پرستی کے بارے میں کیا کہتے تھے ؟ | vi | حلف الفضول کے بارے میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کیا فرمایا کرتے تھے ؟ |
| vii | انسانی اخلاق میں سب سے کمیاب چیز کون سی ہے ؟ | viii | رسول خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے عزم و استقلال سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟ |

www.taleem360.com

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر: 5** درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5+5

(الف) هُوَ اللهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

(ب) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

(ج) وَعَدَ اللهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

**سوال نمبر: 6** درج ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5

(الف) اٰيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ اِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ ، وَاِذَا حَدَّثَ كَذَبَ ، وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ (ب) خَيْرُ النَّاسِ مَنْ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ

**سوال نمبر: 7** درج ذیل اجزاء میں سے کسی دو کا جواب تحریر کیجئے۔ 5+5

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت حق کے جواب میں فرعون اور اس کی قوم کا کیا رد عمل آیا ؟

(ب) میثاق مدینہ کس کے درمیان طے ہوا اور اس کے چند اہم پہلو کیا ہیں ؟

(ج) حضور پاک خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی سادگی اور بے تکلفی کیسی تھی ؟ اس سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے ؟

**سوال نمبر: 8** مذکر کی تعریف لکھیے اور عربی میں تین مثالیں دیجئے۔ 5

یا

مفرد کی تعریف لکھیے اور عربی میں تین مثالیں دیجئے۔

# PAPER CODE-5202

## 1st Annual 2024 نہم کلاس

اسلامیات اختیاری

وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا

حصہ معروضی

کل نمبر = 15

DGK-2-24

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر:1

-1 قرآن مجید الہامی کتاب ہے۔ (A) مقدس (B) آخری (C) پہلی (D) درمیانی

-2 قرآن کے معنی ہیں۔ (A) لکھی جانے والی (B) بہت پڑھی جانے والی (C) سنی جانے والی (D) بولی جانے والی

-3 تَعَوُّذ سے مراد ہے۔ (A) بِسْمِ اللّٰه (B) سُبْحَانَ اللّٰه (C) اَعُوْذُ بِاللّٰه (D) اَللّٰهُ اَكْبَرُ

-4 عقیدہ توحید اسلامی تعلیمات کی ہے۔ (A) ابتداء (B) شاخ (C) بنیاد (D) چھت

-5 "اَلْحُسْنٰی" کا معنی ہے (A) اچھے اچھے نام (B) صورتیں عطاء کرنے والا (C) پیدا کرنے والا (D) خود مختار

-6 بہترین انسان لوگوں کو پہنچاتا ہے۔ (A) غم (B) نقصان (C) نفع (D) تکلیف

-7 حیاء کیفیت کا نام ہے۔ (A) ظاہری (B) بدنی (C) قلبی (D) نظری

-8 بنیادی مقصد کے لیے بھیجا گیا۔ (A) فرشتوں کو (B) انبیاء کو (C) انسان کو (D) جنات کو

-9 حضرت نوح علیہ السلام کا لقب تھا۔ (A) روح اللہ (B) آدم اول (C) خلیل اللہ (D) آدم ثانی

-10 آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام رکھا (A) والد نے (B) دادا نے (C) چچا نے (D) والدہ نے

-11 حضرت ابو طالب کا پیشہ تھا۔ (A) ملازمت (B) کھیتی باڑی (C) تجارت (D) دستکاری

-12 حجر اسود کا معنی ہے۔ (A) سفید پتھر (B) سرخ پتھر (C) سیاہ پتھر (D) سبز پتھر

-13 کافر بادشاہ نمرود کے دور میں تھا۔
(A) حضرت موسیٰ علیہ السلام (B) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (C) حضرت نوح علیہ السلام (D) حضرت ابراہیم علیہ السلام

-14 "يَدْخُلُ" گرائمر کے لحاظ سے ہے۔ (A) اسم معرفہ (B) اسم نکرہ (C) فعل (D) حرف

-15 "اَقْلَامٌ" گرائمر کی رو سے ہے۔ (A) مفرد (B) اسم جمع (C) جمع مکسر (D) تثنیہ

www.taleem360.com

اسلامیات اختیاری — حصہ انشائیہ — وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

گروپ : دوسرا — حصہ اول — کل نمبر = 60

DGK-2-24

سوال نمبر: 2 درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | اللہ تعالیٰ نے عربوں پر قرآن مجید کا اعجاز کس طرح ثابت کیا ؟ | ii | انبیاء پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے ؟ |
| iii | ترجمہ کیجئے : صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِىْ اُصَلِّىْ | iv | انسان کو کس بناء پر حیوانات پر فضیلت دی گئی ہے ؟ |
| v | حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اپنے والد سے گفتگو میں ہمارے لیے کیا رہنمائی ہے ؟ | vi | حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دو معجزات لکھیئے۔ |
| vii | فرعون اور اس کی قوم کس چیز کی پوجا کرتی تھی ؟ | viii | اسم نکرہ اور اسم معرفہ الگ الگ کیجئے ۔ عَائِشَةُ ۔ كِتَابٌ ۔ جَمَلٌ ۔ اَلْبَيْتُ |

سوال نمبر: 3 درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | وضاحت کیجئے : رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ | ii | اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام کیا ظاہر کرتے ہیں ؟ |
| iii | حدیث کی رو سے دوزخ کی آگ سے بچنے کا آسان طریقہ کیا ہے؟ | iv | حدیث کے حوالہ سے قرآن مجید میں مہارت رکھنے والے کی فضیلت تحریر کیجئے۔ |
| v | عموماً طور پر مسلمان خواتین جہاد میں حصہ کس طرح لیتی تھیں ؟ | vi | مدینہ میں مواخات کے نظام کے قیام میں ہمارے لیے کیا راہنمائی ہے؟ |
| vii | پہلی ہجرت حبشہ میں شامل مسلمان مردوں اور عورتوں کی تعداد کیا تھی ؟ | viii | حضور خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے جب حرم کعبہ میں توحید کا اعلان کیا تو قریش کا ردعمل کیا تھا ؟ |

سوال نمبر: 4 درج ذیل میں سے کوئی پانچ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 2×5 = 10

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ کی روشنی میں ہمیں مسلمانوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے ؟ | ii | " سِرَاجًا مُّنِيْرًا " سے کیا مراد ہے ؟ |
| iii | صلہ رحمی کے دو فوائد لکھیئے ۔ | iv | بوڑھے مسلمان کے دو حقوق لکھیئے۔ |
| v | حضور پاک صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ " خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ " ہیں واضح کیجئے | vi | بچوں کے ساتھ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا کیسا سلوک تھا ؟ |
| vii | مساوات کی وضاحت ایک مثال سے کیجئے | viii | غلاموں کے حقوق کے بارے میں آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے کیا فرمایا ؟ |

## حصہ دوم

سوال نمبر: 5 درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5+5

(الف) هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٤﴾

(ب) رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٢٩﴾

(ج) مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٤٠﴾

سوال نمبر: 6 درج ذیل میں سے کسی ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ و تشریح کیجئے۔ 5

(الف) اَلصَّوْمُ لِيْ وَاَنَا اَجْزِيْ بِهٖ — (ب) اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ

سوال نمبر: 7 درج ذیل اجزاء میں سے کسی دو کے جواب تحریر کیجئے۔ 5+5

(الف) رسالت سے کیا مراد ہے ؟ اسکی اہمیت بیان کیجئے ۔

(ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نوٹ لکھیئے۔

(ج) قرآن و حدیث کی روشنی میں ختم نبوت کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر: 8 تثنیہ سے کیا مراد ہے ؟ اس کی عربی میں تین مثالیں لکھیے ۔ 3+2

یا

مؤنث لفظی کی تعریف کیجئے اور عربی میں تین علامات مؤنث لکھیئے ۔ 3+2

www.taleem360.com